پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 مارچ 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے وفد کے ہمراہ CPO گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم سے اہم ملاقات کی۔ جبکہ وفد میں نائب صدر عادل ندیم، سابق صدور شیخ محمد نسیم، اخلاق احمد بٹ، خواجہ ضرار کلیم، رانا شہزاد حفیظ، محمد شعیب بٹ، رکن چیمبر ظفر بٹ شامل تھے۔ وفد کی قیادت کرتے ہوئے انہوں نے پولیس کی بہتر کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں بڑھتے ہوئے کرائم نے بزنس کمیونٹی کو عدم تحفظ کا شکار کر رکھا تھا۔ پولیس نے بروقت کاروائی کر کے خطرناک گروہ کو نہ صرف گرفتار کیا بلکہ انہیں ان کے انجام تک پہنچایا۔ گوجرانوالہ کی تمام کاروباری برادری سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم اور ان کی پوری ٹیم کو شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں امن وامان کی صورتحال جتنی بہتر ہوگی کاروباری برادری بھرپور اعتماد کے ساتھ اپنے کاروباری معاملات بہتر کر سکے گی۔ کیونکہ پرفضا کاروباری ماحول ہی بہتر کاروباری سرگرمیوں کا ضامن ہے۔

CPO گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب کی سربراہی میں تشریف لائے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ شہر میں امن وامان قائم رکھنے کیلئے میرا ہر جوان پوری تندہی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہا ہے پچھلے دنوں ایک خطرناک گروہ سرگرم تھا اس گروہ سمیت متعدد ملزمان جنہیں پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ پکڑ کر انہیں منطقی انجام تک پہنچا دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ انکو پکڑنے میں سی سی ٹی وی کیمروں نے بڑا اہم کردار ادا کیا ہے ان کیمروں کی وجہ سے ہمیں بڑی کامیابیاں حاصل ہوئیں۔ اگر تجارتی مراکز، گلیوں اور محلوں میں پراپر سی ٹی وی کیمرے نصب کروالئے جائیں تو کرائم بہت حد تک کم ہو جائے گا۔ گوجرانوالہ بڑا انڈسٹریل سٹی ہے گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ اس شہر کی آبادی میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے اور کرائم کی رفتار بھی بڑھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ سیف سٹی پراجیکٹ جس طرح لاہور میں شروع کیا گیا ہے گوجرانوالہ میں بھی اس طرح کا پراجیکٹ ہونا چاہیئے تاکہ اس پراجیکٹ کے تحت شہر کے تمام داخلی خارجی راستوں پر کیمرے نصب ہوں۔ گوجرانوالہ چیمبر ایک اہم ادارے ہے لہٰذا اس پراجیکٹ کیلئے کوشش کی جائے۔ علاوہ ازیں جلد ہی ایک IPLC (انڈسٹریل پولیس لائزان کمیٹی) تشکیل دی جائے گی تاکہ بزنس کمیونٹی اور پولیس کے لائزان میں مزید بہتر لائی جاسکے۔ نیز بہت جلد گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کا دورہ بھی کیا جائے گا تاکہ بزنس کمیونٹی کے مسائل سے آگاہی حاصل کر کے باہمی مشاورت سے ان مسائل کو حل کیا جائے گا۔